لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۶ ربیع الاول ۱۳۴۰ھ مطابق ۷ نومبر ۱۹۲۱ء	نمبر ۴۶

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	خلاصہ مضمون	نمبر شمار
۲	اضافہ لیڈی ڈاکٹر صاحبہ بہ گیرج الاونس	۱
	نسبت حلف بندی بیانات بحلف	۲
۲	دربارہ تعلق عملہ تحصیلات بہ عملہ نظامت	۳
۳	تقرر عبداللطیف خان	۴
۳	رخصت ٹیکارجی	۵
۳	ٹیکا رفیع احمد صاحب	۶
۴	نقشہ نرخنامہ اجناس	۷

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲۵ اکتوبر ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر ملٹری لیڈی ڈاکٹر صاحبہ کا گیرج الاونس یکم اکتوبر ۱۹۲۱ء سے بجائے بیس روپیہ کے چالیس روپیہ منظور فرمایا گیا۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

نقل نوٹ ناظم صاحب درباره صدور حکم اجازت قلمبندی بیانات بمقدمات سرسری و متفرقات مثل اخراج حقیت وغیرہ صیغہ مال یعنی ہنگام قلمبندی بیان شخص بیان کنندہ کو بالضرور حلف دیا جائے اور درج حلف دیے اسکا عنوان بیان میں ذکر ہونا چاہیے۔ اور بیان حلفی سے عدالت کے زیر تحقیقات وہ مقدمہ یا اسکے مواجہ میں یا اسی [illegible] ہاتھ کا قلمبند کیا ہوا مقصود ہوگا۔ دوسرے کسی عہدہ دار ماتحت عدالت کا بیان قلمبند کیا ہوا مقدمہ کی تجویز پر اثر ڈالیگا اور نہ وہ بیان حلفی کی تعریف میں داخل ہو جائیگا۔ جبتک کہ اسکو حلف دینے کا اختیار نہ ہو یا وہ بطور اہل کمیشن کے مقرر کیا گیا ہو۔

نوٹ ناظم صاحب کا ملاحظہ ہوا۔ مقدمات مال میں عموماً بحلف بیانات قلمبند ہونا لازمی ہے پیشکار عدالت یا اہلکار جس سے حلف دلایا جائے اسکا نام بھی درج کرنا چاہیے۔ ناظم صاحب کی رائے ٹھیک ہے۔ برائے پابندی و تعمیل ایک ایک نقل بجملہ عدالتہائے مال میں مرسل ہو۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

تحریر مسلکہ ناظم صاحب مورخہ ۱۲ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء ملاحظہ ہوئی۔ اجلاس سے وقتاً فوقتاً تحصیلداران کو حکم دیا گیا ہے کہ جو تحصیلات کا تعلق نظامت سے ہے [illegible] نظامت کے متعلق جس قدر رپورٹیں انتظامی ہوں وہ بتوسط نظامت آنا چاہیں۔ اب پھر تاکید اجراء احکام جملہ تحصیلداران کو لکھا جائے کہ علاوہ تحصیل کے متعلق انتظامی رپورٹ بذریعہ ناظم صاحب اجلاس میں آنا چاہیے تحصیلات سے ایسی کل رپورٹیں ناظم صاحب کے اجلاس میں بھیجی جایا کریں۔ البتہ کسی قدر کا فوری اجلاس ہذا میں بھیجا جانا کسی وجہ خاص سے ضروری ہو تو [illegible] اجلاس ہذا میں بوجوہ عجلت بھیجا جایا کرے تحصیلات میں جو کچھ معائنہ بک جاری کرائی گئی ہے بعض بعض تحصیلات سے وہ معائنہ بک پابندی کے ساتھ نہیں آتی ہے جس پر ملاحظہ و جواب طلب ہو مگر تاہم اس کی بابت اجلاس سے حکم ہوگا۔ اب جملہ تحصیلداروں کو لکھا جائے کہ کل معائنہ بک بھی ہر تحصیل سے برابر بہت ناظم صاحب کی خدمت میں بھیجی جائے ناظم صاحب معائنہ بک پر نوٹ کرکے اجلاس ہذا میں معائنہ بک بھیجا کریں اجلاس سے حکم ہوا کہ [illegible] نظامت واپس [illegible] تعمیل کر دی جایا کرے۔ ایک نقل حکم ہذا جملہ تحصیلداران کے پاس تعمیلاً مرسل ہو ایک نقل حکم ہذا بخدمت ناظم صاحب [illegible]

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تقرر

۵ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم و ملکہم۔ عبد اللطیف خان عرف پیارے خان کا تقرر ۲۹ اکتوبر سنہ حال سے بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار بعہدہ [illegible] کانسٹبل درجہ اول [illegible] بوجہ عدم [illegible] بجگہ [illegible] منظور ہوا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب سفارش صاحب ڈسٹرکٹ و سیشن جج بہادر و سرٹیفکیٹ اسسٹنٹ سرجن صاحب رخصت رعایتی یکماہہ منشی فیاض علیخان پیشکار عدالت ججی بوجہ علالت ۱۰ نومبر سنہ حال سے منظور کی گئی۔ ایام رخصت پیشکار مذکور میں منصرم ججی پیشکاری کا کام کرینگے اور منجملہ کام منصرم ججی کے فوجداری کے بند سوالات کی ترتیب کا کام اہلمد سیشن کیا کرینگے اور دیوانی کے متعلق بند سوالات کا کام [illegible] کرینگے اور باقی جو کام منصرم ججی سے متعلق ہوگا اسکو [illegible]

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۲۶ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

حافظ [illegible] احمد پیشکار منشی محمد احمد صاحب مینائی کی پندرہ دن کی رخصت منظور کی گئی۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۳۱ر اکتوبر لغایتہ ۶ر نومبر سنہ ۱۹۲۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۳۰۲ ار		۳۰ ار		۴ ار	۴ ار	
نخود خالص	۳۰ ار		۳۰ ار		۴ ار	۳۰ ار	
نخود کستہ آمیز	۴ ار		۴ ار		۳۰ ار	۴۰ ار	
کستہ	۳ ار		۴ ار		۳۰ ار	۵ ار	
ماش	۳ ار		۴ ار		۴ ار	۴ ار	
مونگ	۲۰ ار		۰		۲۰ ار	۳ ار	
مکا	۷ ار		۶۰ ار		۶۰ ار	۷۰ ار	
جئی	۰		۰		۷ ار	۷ ار	
گوجئی	۵۰ ار		۰		۵ ار	۵۰ ار	
عدس	۳۰ ار		۴ ار		۴ ار	۰	
ارہر	۴۰ ار		۰		۵ ار	۰	
برنج	۴ ار		۴۰ ار		۴۰ ار	۵ ار	
روغن زرد	۷ چھٹانک		[illegible]		۰ ار	[illegible]	
روغن کنجد	۱ ار		۱ ار		[illegible]	[illegible]	
روغن سیاہ	[illegible]		[illegible]		۱۱ ار	[illegible]	
نمک سانبھر	۱۳ ار		۱۲ ار		۱۰ ار	۱۱ ار	
نمک لاہوری	۶ ار		۶ ار		۵ ار	۶ ار	
قند سیاہ	۲ ار		۲ ار		۲ ار	۱۱ ار	
باجرہ	۵ ار		۰		۰	۰	

نقشہ نرخنامہ اجناس [illegible] ۲۲ اکتوبر ۱۹۳۱ء

کیفیت	[illegible]	[illegible]	بالا [illegible]	ملک [illegible]	شاہ آباد	حضور تحصیل	نام جنس
	[illegible]		[illegible]				گندم
	[illegible]		[illegible]				نخود خالص
	[illegible]		[illegible]				نخود کتہ آمیز
	[illegible]		[illegible]				کت
	[illegible]		[illegible]				ماش
	[illegible]		[illegible]				مونگ
	[illegible]		[illegible]				مکئی
	[illegible]		[illegible]				جئی
	[illegible]		[illegible]				گوجئی
			[illegible]				عدس
			[illegible]				ارہر
	[illegible]		[illegible]				برنج
	[illegible]		[illegible]				روغن زرد
	[illegible]		[illegible]				روغن سیاہ
	[illegible]		[illegible]				روغن کنجد
	[illegible]		[illegible]				نمک سانبھر
	[illegible]		[illegible]				نمک لاہوری
	[illegible]		[illegible]				قند سیاہ
دیگر [illegible]							باجرہ